Counselling Centre
Shop No, 4 Darul Khair building Opp Al-Amin Centre Between Janta Dairy &
Gulistan Masjid Pooja Nagar Naya Nagar Mir Road Thane. 401107
Mob No, 9137729585 9892351626

محترم خواتین وحضرات!

ملک کے موجودہ حالات اور مسلمانوں کے معاشرتی صورتحال سے آپ بخوبی واقف ہیں، میرا روڈ کے متعلق چند چیزیں آپکے علم میں لانا چاہتا ہوں، کیونکہ میرا روڈ ممبئی کے مضافات کا مشہور شہر ہے۔ جہاں مسلمانوں کی پچیس سے تیس فیصد آبادی ہے، میرا روڈ کی شاندار عمارتیں اور اچھی منصوبہ بندی ہونے پر اس شہر کو دوسرے علاقوں پر فوقیت حاصل ہے، لیکن اس ترقی کے دور میں انسانیت کے گرتے ہوئے معیار اور مسلم خاندانوں میں آپسی تنازعہ نے کافی خطرناک روپ اختیار کرلیا ہے، مذہب کے نام پر چند رسم ورواج کے علاوہ پورا معاشرہ ایسا لگتا ہے کہ اسلامی تعلیمات سے خالی ہے، جسکے نتیجہ میں اچھے تعلیم یافتہ گھرانوں میں بھی زندگی اجیرن بنتی جارہی ہے۔

نتیجہ کے طور پر ہماری برقع پوش خواتین اپنے فیملی مسائل حل کرانے کے لئے مجبوراً اپنے علاقہ کے پولس اسٹیشنوں کے چکر لگاتی نظر آتی ہیں، یا پھر کورٹ اور کچہری کے دھکے، سالوں سال کا وقت اور بھاری رقم برباد کرنے پر مجبور ہوتی ہیں، امت مسلمہ کا یہ کام بظاہر تو ایک دنیاوی کام نظر آتا ہے، مگر سچائی یہ ہے کہ زندگی کے اس شعبہ میں اللہ رب العالمین نے ہماری بہترین راہ نمائی کی ہے، جیسا کہ اللہ رب العزت کا ارشاد ہے، **وعاشروھن بالمعروف** (سورہ نسائ) (ترجمہ) اور عورتوں کے ساتھ بھلے طریقے سے پیش آؤ)، اپنے پیارے رسول ﷺ نے اسکی عملی مثال بھی پیش کردی ہے، جیسا کہ پیارے آقا صلی اللہ علیہ کا ارشاد ہے، **خیرکم خیرکم لاھلہ**، (تم میں سے بہترین شخص وہ ہے جو اپنی اہلیہ کے ساتھ بہتر ہو) (ترمذی) مگر افسوس کہ ہمکو فرصت نہیں اسکے احکامات جاننے کی اور سیرت رسول ﷺ کا مطالعہ کرنے کی، لہذا اس درد کو محسوس کرتے ہوئے ہم نے ماؤں، بہنوں اور بیٹیوں کو اس بے دینی ماحول سے نکالنے نیز ان کے مسائل کا شرعی حل پیش کرنے کے لئے میرا روڈ کے کچھ مخلص ہمدردان قوم اور فکرمند علماء کرام نے مل کر ایک کمیٹی تشکیل دی، جسکا نام میرا بھائندر دارالقضاء فاؤنڈیشن طے کیا گیا، انھیں کی کوششوں سے آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ سے رابطہ قائم کرکے میرا روڈ میں ۱۷/مارچ ۲۰۱۸ء کو باقاعدہ دارالقضاء کا قیام عمل میں آیا۔

الحمدللہ! اب ایک سال سے دارالقضاء کی خدمات جناب قاضی صادق احمد خان قاسمی کے ذریعہ بحسن خوبی چل رہا ہے اور ساتھ ہی مولانا زکریا صاحب کا اور تمام ممبران کا بھی تعاون حاصل رہا ہے، جہاں ایک سال کے عرصہ میں کل مقدمات ۸۹/درج ہوئے، جسمیں صلح ۸/خلع ۳۰/ فسخ ۱۰/رخصتی ۲/ حقیت ۲/سماعت ۳۷/ ہیں۔